Shabbir / Fazil

09-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں   اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- بھارت نے مردوں کا ICC ٹی ٹوئنٹی کپ، تیسری بار جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔ صدر جمہوریہ ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے بھارتی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

2- پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج سے شروع ہو رہا ہے۔ لوک سبھا میں، اسپیکر اوم برلا کو ہٹائے جانے کی قرارداد پر بحث ہوگی۔

3 - وزیراعظم نریندر مودی آج ''سب کا ساتھ، سب کا وِکاس سے عوام کی امنگیں پوری ہو رہی ہیں'' کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے ویبینار سے خطاب کریں گے۔

4- نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت آج نئی دلی میں ''وکست بھارت یُوا Connect پروگرام'' کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرے گی۔

5- مجتبٰی خامنہ ای کا نام، جو ایران کے شہید رہنما آیت اللہ علی خامنہ ای کے بیٹے ہیں، جانشین کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔

6- راشٹریہ سوتنتر پارٹی کے رہنما بالیندر شاہ کا، نیپال کا اگلا وزیراعظم بننا طے ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

T20 World Cup

بھارت نے کل رات احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں نیوزیلینڈ کو 96 رن سے ہراکر، ریکارڈ تیسری بار ICC مردوں کا ٹی-ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیت کر، تاریخ رقم کی ہے۔

سوریا کمار یادو کی قیادت میں بھارتی ٹیم کی جانب سے پیش 256 رن کے زبردست نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے، نیوزیلینڈ کی پوری ٹیم 19 اوورس میں محض 159 رن پر آل آوٹ ہو گئی۔ جسپریت بمراہ نے سب سے زیادہ 4 وکٹ حاصل کئے۔ انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ جیتنے

پر، بھارتی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔×

Parliament Session

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج سے شروع ہو رہا ہے، جو 2 اپریل تک جاری رہے گا۔ لوک سبھا میں اسپیکر اوم برلا کو ہٹائے جانے سے متعلق تحریک پر آج غور و خوض کیا جائے گا۔ اس بارے میں کانگریس کے تین اراکین، محمد جاوید، کے-سُریش اور ملّو روی نوٹس پیش کریں گے۔ اگر تحریک پر غور و خوض کا فیصلہ ہوتا ہے تو جناب برلا ایوان کی کارروائی کی صدارت نہیں کریں گے، اس کے بجائے وہ اراکین کے درمیان بیٹھیں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج لوک سبھا میں مغربی ایشیاء کی صورتحال سے متعلق بیان دے سکتے ہیں۔

وہیں راجیہ سبھا میں ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت کے کام کاج سے متعلق مباحثہ، آج ایوان کے کام کاج کی فہرست میں شامل ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Anand Kumar

اپوزیشن نے گزشتہ مہینے بجٹ اجلاس کے پہلے مرحلے میں لوک سبھا اسپیکر کو ہٹانے کیلئے سکریٹری جنرل کو عدم اعتماد کا نوٹس دیا تھا۔ اپوزیشن جماعتوں نے جناب برلا پر جانبداری برتنے کا الزام عائد کیا تھا۔ کانگریس، سماج وادی پارٹی، DMK، بائیں بازو اور دیگر سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے 118 اراکین پارلیمنٹ نے عدم اعتماد کے اس نوٹس پر دستخط کیے تھے۔ اِن میں ترنمول کانگریس شامل نہیں تھی۔

اس دوران BJP اور کانگریس دونوں نے اپنے اپنے لوک سبھا اراکینِ پارلیمنٹ کیلئے 3 سطری وِہپ جاری کی ہے اور اُنہیں منگل تک ایوان میں حاضر رہنے کی ہدایت دی ہے۔ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ 28 فروری سے شروع ہوا تھا اور 13 فروری کو ختم ہوا۔

پہلے مرحلے کے دوران صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک اور مرکزی بجٹ 2026-27 پر بحث ہوئی۔

نئی دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

PM Webinar

وزیراعظم نریندر مودی، آج ویڈیو کانفرسنگ کے ذریعے بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار سے خطاب کریں گے، جس کا موضوع ہے ’’سب کا ساتھ، سب کا وِکاس، لوگوں کی امنگوں کو پورا کر رہا ہے۔‘‘

اِس موضوع کے تحت، مختلف شعبوں میں الگ الگ اجلاس منعقد ہوں گے، جس میں تعلیم اور ہنرمندی، صحت اور آیوش، سیاحت اور میزبانی وغیرہ شامل ہیں۔ تبادلۂ خیال میں تعلیم سے روزگار کے راستوں کو مستحکم بنانا، اپنی میشن کا فروغ، Visual Effects، گیمنگ اوار کومکس AVGC، شمال مشرقی خطے میں بودھ سرکٹس نیز وراثتی سیاحت کے فروغ کے موضوعات شامل ہوں گے۔

بجٹ کے بعد کے اِس ویبینار سے حکومت، صنعت اور شعبوں کے ماہرین کے مابین تال میل کا ایک پلیٹ فارم فراہم ہوگا، تاکہ بجٹ میں دیے گئے پالیسی ویژن کو قابل عمل حکمت عملی میں بدلا جا سکے۔ x

My Bharat - Yuva Connect

کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کی وزارت آج نئی دلّی میں ''وِکست بھارت یوا کنیکٹ پروگرام'' کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرے گی۔ یہ پہل، ''میرا یوا بھارت، مائی بھارت'' کے تحت کی جا رہی ہے، تاکہ وِکست بھارت 2047 کے ویژن سے نوجوانوں کی شمولیت کو مستحکم کیا جائے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Priya

وِکست بھارت یوا کنیکٹ پروگرام میں قومی راجدھانی کے 35 سے زیادہ کالجوں کے 10 ہزار سے زیادہ طلبا کی شرکت کی امید ہے۔ اس دوران بھارت کے ترقیاتی سفر سے نوجوان شہریوں کو جوڑنے اور قوم کی تعمیر کے ذمہ دار معماروں کے طور پر اُن کے رول کی حوصلہ افزائی کرنے کیلئے مکالمہ جاتی اجلاس، مذاکرے اور دیگر سرگرمیاں منعقد کی جائیں گی۔ وِکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ کے پریزینٹرس اور وِکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ کے فاتحین سمیت یوتھ آئیکون بھی اس دوران طلبا سے بات کریں گے اور ملک کی تعمیر کیلئے نوجوانوں کو تحریک دینے کی خاطر اپنے تجربات بیان کریں گے۔

یہ پہل اب تک 22 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 274 یونیورسٹیوں اور کالجوں کا احاطہ کر چکی ہیں، جس کے ذریعے تقریباً 20 ہزار نوجوانوں کو تحریک دی گئی۔

پروگرام میں رجسٹریشن اور شمولیت کو ''مائی بھارت ڈیجیٹل پلیٹ فارم'' کے ذریعے آسان بنایا جا رہا ہے۔

نئی دلّی سے پریا موٹڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں..................

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Nepal Govt Formation

نیپال کے پارلیمانی انتخابات میں اپنی سیاسی جماعت، راشٹریہ سونتنترا پارٹی، RSP کو واضح اکثریت ملنے کے بعد Rapper سے سیاستداں بنے اور Gen-Z انقلاب کی مقبول شخصیت بالیندر شاہ کا نیپال کا اگلا وزیر اعظم بننا طے ہے۔ RSP نے ایوانِ نمائندگان کی سیدھے طور پر چُنے جانے والی 165 سیٹوں میں سے 122 سیٹیں جیتی ہیں اور مزید تین سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی RSP، نیپال کے جمہوری ملک بننے کے بعد سے اب تک کی سب سے بڑی انتخابی جیت کی جانب گامزن ہے۔ انتخابی کمیشن نے اب تک 165 میں سے 159 سیٹوں کے نتیجوں کا اعلان کر دیا ہے۔ حتمی انتخابی نتائج نے تناسب کے اعتبار سے نمائندگی کے ذریعے تقرر کی جانے والی اضافی سیٹیں بھی شامل ہوں گی، جن کا آنے والے دنوں میں اعلان کیے جانے کا امکان ہے۔

ہفتے کے روز 35 سالہ بالیندر شاہ نے 4 مرتبہ کے وزیر اعظم اور نیپال کی سب سے بڑی پارٹیوں میں سے ایک CPN-UML کے صدر K.P شرما اولی کو Jhapa-5 حلقے میں 50 ہزار ووٹوں کے بڑے فرق سے شکست دی۔

انجینئر کے طور پر تربیت یافتہ بالیندر شاہ اُس وقت Rapper کے طور پر شہرت ملی، جب اُن کے گیتوں نے غربت اور بے روزگاری اور بدعنوانی پر تنقید کی۔ سال 2022 میں وہ آزاد امیدوار کے طور پر کاٹھمنڈو کے میئر بنے، تاہم گزشتہ سال ستمبر کے مہینے میں نوجوانوں کی تحریک نے بالیندر شاہ کو قومی منظرنامے تک پہنچا دیا۔x

Rev.Iran New Supreme Court

امریکہ اور اسرائیل کی قیادت میں آج آپریشن Epic Fury کا دسواں دن ہے۔ ایران نے اپنے نئے رہنما کا نام پیش کیا ہے۔ سرکاری میڈیا کی خبروں کے مطابق مجتبیٰ خامنہ ای، اپنے والد آیت اللہ علی خامنہ ای کے جانشین ہوں گے۔ خامنہ ای، امریکہ اور اسرائیل کے ابتدائی حملوں کے دوران تہران میں اپنے احاطے میں جاں بحق ہوگئے تھے۔

اُدھر اسرائیل نے یہ کہتے ہوئے دھمکی دی ہے کہ اُن کا، جو بھی جانشین ہوگا اُسے نشانہ بنایا جائے گا۔

اسی دوران متحدہ عرب امارات میں، ایران کے حملوں میں گل ابوظبی کو نشانہ بنایا گیا، جس کے دوران ہتھیاروں کو فضا میں ہی ناکام بنایا گیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C VINOD

28 فروری سے، امریکہ اور اسرائیل اتحاد کی قیادت میں جاری فضائی حملوں میں،

ایران کی، میزائل صلاحیتوں اور اُس کے قائدانہ بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرنے پر توجہ دی

گئی ہے۔ ایران نے خطے کے مقامات پر کیے گئے حملوں کا جواب دیا ہے۔ اِن نشانوں میں خلیجی ممالک، بھی شامل ہیں، جس کی وجہ سے پورے مغربی ایشیا میں، اِس بحران میں شدت آگئی ہے۔ اسرائیل نے، تہران میں رات گزر جانے کے بعد ایک بار پھر حملے شروع کر دیے ہیں۔ امریکی فوج نے ایران کے شہریوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اپنے گھروں میں ہی رہیں، اُس نے کہا ہے کہ تہران کی طرف سے گھنی آبادی کے علاقوں کی جانب سے ڈرون اور میزائل داغے جا رہے ہیں، جس کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے اِن جگہوں کو بھی نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔
سمندر میں بھی صورتحال تشویشناک ہے۔
آبنائے ہُرمز سے، تجارتی جہازوں کی آمدروفت عام طور پر رکی ہوئی ہے۔ اگرچہ اِسے بند کرنے کے کوئی احکامات نہیں ہیں لیکن اِس راستے میں رکاوٹ آجانے کے سبب جہازوں کی آمدروفت میں 8 فیصد کمی آگئی ہے۔ بحری جہازوں کی زیادہ تر کمپنیوں نے یہاں سے گزرنا بند کردیا ہے اور جنگ کی صورت میں بیمہ پریمیم میں اضافہ ہو گیا ہے، جس کی وجہ سے عالمی لوجسٹکس کے نیٹورکس کو متبادل راستے اختیار کرنا پڑ رہے ہیں۔
دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

West Asia - US Casualty

امریکی محکمۂ دفاع نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ ملک کی جنگ میں ساتویں **US Service Member** کی موت ہوگئی ہے۔
سوشل میڈیا پر ایک بیان میں، امریکی سینٹرل کمان **Centcom** نے تصدیق کی ہے کہ مغربی ایشیا میں ایران کے ابتدائی حملوں میں زخمی، ایک یو۔ایس سروس ممبر، کل رات زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا۔
اس دوران، اسرائیل کی دفاعی فورسز نے کہا ہے کہ اُس نے پاسدارانِ انقلاب اسلامی کور فضائیہ کے ہیڈ کوارٹر پر حملہ کیا ہے۔ دوسری جانب، سعودی عرب کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اُس نے ملک کے اہم **Shaybah** تیل کنویں کو نشانہ بنانے والے ایک ڈرون کو فضا میں ہی مار گرایا ہے۔ بحرین میں آج صبح سویرے وارننگ سائرن کی آوازیں سنی گئیں۔
وزارت داخلہ نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے نزدیک ترین محفوظ مقامات پر پہنچ جائیں۔x

Aviation West Asia

شہری ہوابازی کی وزارت مغربی ایشیاء کی بدلتی ہوئی صورتحال پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ مغربی ایشیاء کی صورتحال کی

وجہ سے بھارت اور مغربی ایشیاء خطّے کے درمیان پروازوں پر اثر پڑا ہے۔ موجودہ صورتحال کے تناظر میں ایئر لائنس، مسافروں کی حفاظت اور پروازوں کے حسب معمول کام کاج کو یقینی بنانے کیلئے ضروری اقدامات کر رہی ہیں۔ وزارت نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ تازہ صورتحال کے مطابق بھارتی کیریئرس روزانہ کی بنیاد پر 50 پروازوں کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ اس سے پہلے بھارتی کیریئرس نے کل خطّے کے دبئی، ابوظبی، فُجیرا، مسقط اور جدّہ جیسے ہوائی اڈّوں سے بھارت کیلئے 49 پروازیں چلائیں۔ وہیں ہفتے کے روز بھارتی کیریئرس نے مغربی ایشیاء سے بھارت کیلئے 51 پروازیں چلائیں، جس کے ذریعے 8 ہزار 175 مسافروں کو بھارت لایا گیا۔×

Flight Cancelled

مغربی ایشیاء کی موجودہ صورتحال کے سبب کئی راستوں پر پروازوں کی آمدورفت پر اثر پڑا ہے۔ مسافروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی پروازوں کی تازہ ترین صورتحال پر قریبی نگاہ رکھیں اور متعلقہ ایئر لائنوں کی جانب سے رجسٹرڈ رابطہ ذرائع سے دی جا رہی معلومات سے باخبر رہیں۔ ضرورت پڑنے پر مسافر شہری ہوابازی کی وزارت کے کنٹرول روم، PACR سے اِن نمبروں پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ نمبر اس طرح ہیں:

صفر ایک ایک - دو چار چھ صفر چار دو آٹھ تین

یا

صفر ایک ایک - دو چار چھ تین دو نو آٹھ سات

Oil Price

پچھلے ساڑھے تین سال سے بھی زیادہ عرصے کے دوران تیل کی قیمتیں پہلی بار ا سو امریکی ڈالر فی بیرل سے زیادہ ہوگئی ہیں، کیونکہ ایران کی جنگ کے سبب، تیل کی پیداوار اور مشرقِ وُسطیٰ میں جہازوں کی آمدروفت میں رکاوٹ آگئی ہے۔

بین الاقوامی معیار کے Brent خام تیل کی قیمت کُل، فی بیرل 101 اعشاریہ ایک نو ڈالر رہی، جو جمعے کو کاروبار بند ہونے کے وقت 92 اعشاریہ چھ نو ڈالر کی قیمت سے نو اعشاریہ دو فیصد زیادہ تھی۔ x

MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''خاتون چھوٹے کاروباریوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اسکیمیں اور اقدامات'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِس واٹس اپ نمبر پر پوچھ سکتے ہیں۔

نو دو آٹھ نو، صفر نو چار صفر چار چار

پر پوچھ سکتے ہیں یا ایکس پر AskAir# پر اپنے سوالات پوسٹ کر سکتے ہیں۔ x

FIH - Hockey

ہاکی میں، بھارتی خواتین کی ٹیم، حیدرآباد میں جاری FIH ہاکی ورلڈ کپ 2026 کوالیفائرس کے اپنے پُول B کے دوسرے میچ میں آج اسکاٹ لینڈ کا سامنا کرے گی۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل Salima-Tete کی قیادت والی بھارتی ٹیم نے اپنے پہلے میچ میں Uruguay پر چار صفر سے شاندار جیت درج کی تھی۔ چلی کے شہر Santiago میں جاری ایک دیگر چیمپئن شپ کے ساتھ ساتھ، حیدرآباد کی یہ چیمپئن شپ، خواتین ہاکی کے ورلڈ کپ کیلئے دو کوالیفائنگ ٹورنامنٹس ہیں۔

ان دونوں ٹورنامنٹس میں پہلے، دوسرے اور تیسرے مقام پر آنے والی ٹیمیں، اس سال کے خواتین ہاکی کے ورلڈ کپ کیلئے براہِ راست کوالیفائی کر جائیں گی، جس کی میزبانی بیلجیم اور نیدرلینڈس، مشترکہ طور پر کریں گی۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے گنگائی مغربی بنگال، انڈومان ونکوبار جزائر، جموں اور کشمیر، لداخ، بہار، سکم اور اُڈیشہ کے حصوں میں آج گرج چمک اور بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ساحلی آندھرا پردیش، کیرالہ اور ماہے کے کچھ حصوں میں بھی آج اسی طرح کے موسمی حالات برقرار رہ سکتے ہیں۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا کہ ہماچل پردیش، راجستھان اور گجرات میں اگلے دو دن کے دوران گرمی کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق گجرات، کونکن، گوا اور وسطی مہاراشٹر میں آج گرم اور حبس بھرا دن رہ سکتا ہے۔ x

US - South Keorea Military Drill

امریکہ اور جنوبی کوریا نے آج ایک بڑی مشترکہ فوجی مشق شروع کی ہے، جس میں ہزاروں فوجی حصہ لے رہے ہیں۔ اگرچہ امریکہ، مغربی ایشیاء میں جاری جنگ میں بھی مصروف ہے، جس میں شدت آتی جا رہی ہے۔

جنوبی کوریا کے جوائنٹ چیف آف اسٹاف نے کہا ہے کہ جنوبی کوریا کے تقریباً 18 ہزار فوجی Freedom Shield مشق میں حصہ لے رہے ہیں، جو 19 مارچ تک جاری رہے گی۔ جبکہ امریکی فورسز نے اس مشق میں حصہ لینے والے امریکی فوجیوں کی تعداد نہیں بتائی ہے۔ اس فوجی مشق پر شمالی کوریا زبردست ردِّعمل ظاہر کر سکتا ہے، جس نے ہمیشہ سے ہی امریکہ اور جنوبی کوریا کی مشترکہ مشقوں کی مذمت کی ہے اور انہیں اپنے ملک پر حملہ کرنے کی مشق قرار دیا ہے۔x

Telagana Governor

حیدرآباد میں راج بھون کے افسران اور عملے کے ارکان نے، تلنگانہ کے گورنر Jishnu دیو ورما کو گرم جوشی کے ساتھ

الوداع کہا۔ یہ تقریب لوک بھون میں منعقد ہوئی۔

گورنر جشنو دیو ورما نے افسران اور عملے کو، خود کو وقف کرتے ہوئے اپنے فرائض کی انجام دہی، اُس کی محنت اور تعاون کو سراہا۔

جشنو دیو ورما، اب مہاراشٹر کے گورنر کا عہدہ سنبھالیں گے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبدالمالک

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخباروں نے ٹیم انڈیا کے مسلسل دوسری بار ٹی ٹونٹی کرکٹ میں عالمی چیمپئن بننے کی خبر کو تصویروں کے ساتھ نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

دلّی میٹرو کے دو نئے کوریڈورز کا افتتاح کئے جانے کو زیادہ تر اخباروں نے اپنی پہلی خبر بنایا ہے۔

بقول روزنامہ انقلاب: ملک کی پہلی رِنگ میٹرو راجدھانی میں شروع۔

ہندوستان ایکسپریس کے مطابق، خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے قومی دارالحکومت کے باشندوں کو دیا یہ تحفہ۔ خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر بھارت کی ''ناری شکتی'' کو وزیر اعظم نے کیا سلام۔ اِس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے جلی سرخیوں میں شامل کیا ہے، جبکہ انقلاب نے اِس موقع پر مختلف شعبوں سے وابستہ خواتین کو اعزازات سے نوازے جانے کی خبر دی ہے۔

ہندوستان ایکسپریس نے آج بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے کا آغاز ہونے کو بڑی خبر بنایا ہے۔

آج کے اخباروں نے مغربی ایشیا میں جاری جنگ سے متعلق خبروں کو بھی نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ کے مطابق قطر میں پھنسے بھارتی شہریوں کو واپس لانے کیلئے سفارت خانہ ہوا سرگرم۔

جبکہ ہندوستان ایکسپریس نے متحدہ عرب امارات میں مقیم بھارتی شہریوں کیلئے ایڈوائزری جاری ہونے کی خبر دی ہے۔

انقلاب کی ایک خبر کے مطابق، 'ڈیجیٹل ایڈکشن' صحت کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ ایمس کے ماہرین کے مطابق اسکرین پر زیادہ وقت گزارنا بچوں اور بڑوں، دونوں میں چڑ چڑا پن اور نیند کی کمی اور دماغی صحت کے مسائل کا باعث بن رہا ہے۔x

شکریہ ۔اسلم

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارت نے مردوں کا ICC ٹی ٹوئنٹی کپ، تیسری بار جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔ صدر جمہوریہ ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے بھارتی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

2- پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج سے شروع ہو رہا ہے۔ لوک سبھا میں، اسپیکر اوم برلا کو ہٹائے جانے کی قرارداد پر بحث ہوگی۔

3 - وزیراعظم نریندر مودی آج ''سب کا ساتھ، سب کا وِکاس سے عوام کی امنگیں پوری ہو رہی ہیں'' کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے ویبینار سے خطاب کریں گے۔

4- نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت آج نئی دلی میں ''وکست بھارت یُوا Connect پروگرام'' کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرے گی۔

5- مجتبیٰ خامنہ ای کا نام، جو ایران کے شہید رہنما آیت اللہ علی خامنہ ای کے بیٹے ہیں، جانشین کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔

6- راشٹریہ سوتنتر پارٹی کے رہنما بالیندر شاہ کا، نیپال کا اگلا وزیراعظم بننا طے ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔